بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

## امتحان سالانہ سال 2022ء

(وقت تین گھنٹے)

**(پرچہ تجوید)**

نوٹ: کوئی سے دس سوال حل کریں۔

س ۱۔ اصول مخارج بیان کریں۔ نیز اضراس سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں؟

س ۲۔ میم ساکنہ کے کتنے قاعدے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ تعریفیں کریں؟

س ۳۔ مدعارض سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

س ۴۔ درج ذیل حروف کے مخارج تحریر کریں۔ اوران کی آوازوں میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں؟

۱)۔ق۔ک ۲)۔ط۔ت ۳)۔ح۔ہ ۴)۔س۔ص ۵)۔ظ۔ذ

س ۵۔ ادغام بلاغنہ سے کیا مراد ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں؟

س ۶۔ مشدد حرف کو وقف میں کیسے پڑھا جاتا ہے؟ نیز لفظ اللہ کے لام کا کیا قاعدہ ہے؟ وضاحت کریں؟

س ۷۔ درج ذیل حروف کا قاعدہ اور مجموعہ تحریر کریں؟

**۱۔حروف مستعلیه ۲۔حروف قمریه ۳۔حروف مقطعات**

س ۸۔ رموز اوقاف سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے 5 رموز وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟

س ۹۔ درج ذیل اصطلاحات کی تعریفیں کریں؟

**۱۔نون قطنی ۲۔صفیر ۳۔تفشی ۴۔سکته ۵۔ادنی حافه**

س ۱۰۔ کتنے مقامات پر ادغام کا قاعدہ جاری نہیں ہوتا۔ نہ ہونیکی وجہ بیان کریں؟

س ۱۱۔ تلاوت قرآن مجید کے فضائل پر کوئی سی 2 حدیث بیان کریں؟

س ۱۲۔ مد متصل اور مد منفصل کی مثالوں کیساتھ تعریفیں کریں؟